بن کر رہ گیا۔

اس کتاب میں معاشیاتِ اسلامی کے جو چوبیس اصول قرآن مجید کی آیات کے حوالہ سے یکجا کر دیے گئے ہیں وہ امتِ مسلمہ کو پکار پکار کر دعوت دے رہے ہیں کہ معاشرہ انہی اصولوں پر عمل پیرا ہو کر حقیقی معاشی ترقی کی شاہراہ پر گامزن ہو سکتا ہے۔ مصنف نے بڑی محنت اور کاوش سے یہ اصول اکٹھے کیے ہیں۔ اللہ تعالیٰ انھیں جزاءِ خیر عطا فرمائے۔

کتاب قابلِ مطالعہ ہے کتابت عمدہ' کاغذ بھی اچھا ہے۔ (ع ' ع)

اطمینان قلب: از حکیم مشتاق احمد صاحب اصلاحی۔ قیمت ۴۰ روپے۔ ملنے کا پتہ حکیم مشتاق احمد اصلاحی' اصلاحی منزل کچہری بازار سرگودھا۔

آج کا انسان خواہ وہ مشرق میں رہتا ہو یا مغرب میں' سب سے زیادہ جس چیز کا متلاشی ہے وہ "اطمینان قلب" ہے۔ اقوام مغرب نے --- "اطمینان قلب" حاصل کرنے کے لیے سامان عیش و عشرت کی فراہمی کی کوشش کی۔ لیکن اس راستے پر چل کر انھیں ناکامی کا منہ دیکھنا پڑا۔

اس سلسلہ میں حکیم مشتاق احمد اصلاحی صاحب نے کتاب و سنت کی روشنی میں وہ حل تجویز کیا ہے جس سے "اطمینان قلب" کی دولت نصیب ہو سکتی ہے۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ انسان خواہشات نفس کی بندگی چھوڑ کر' اللہ تعالیٰ کی اطاعت و غلامی اور محبت اختیار کر لے۔ اور اس کی خوشنودی کو زندگی کا نصب العین بنا لے۔ تب انسان کو شرحِ صدر کی دولت اللہ کی طرف سے عطا ہوتی ہے' پھر آدمی نہ ناکامیوں میں ہراساں ہوتا ہے' نہ کامیابیوں پر مغرور و متکبر۔

پاکستان رائیٹرز گلڈ نے اس کتاب کو پہلا انعام دے کر انصاف پسندی اور دانش مندی کا ثبوت دیا۔ "اطمینانِ قلب" کے موضوع پر مشرقی ممالک میں یہ پہلی کامیاب کوشش ہے۔ دانشورانِ مغرب نے اس موضوع پر بہت کچھ لکھا لیکن حقیقت کا سراغ لگانے میں ناکام رہے۔

بلاشبہ یہ کتاب اس قابل ہے کہ نفسیات' اسلامیات اور عمرانیات کی اعلیٰ کلاسوں کے طلباء کے نصاب میں شامل کی جائے اور اہلِ نظر اسے اپنی لائبریریوں اور دارالمطالعوں کی زینت بنائیں۔

حال ہی میں محکمۂ تعلیم نے اس بلند پایہ کتاب کو تمام لائبریریوں کے لیے منظور کر کے علم نوازی و ادب پروری کا ثبوت دیا ہے۔